9

# چاند کا بچّہ

وہ دیکھو وہ نکلا چاند      امّاں تم نے دیکھا چاند
یہ بھی کیا بچہ ہے اماں      چھوٹا سا مُنّا سا چاند
اتنا دُبلا اتنا پتلا      کب ہوتا ہے ایسا چاند
امّاں اس دن جو نکلا تھا      وہ تھا گول بڑا سا چاند
بادل سے ہنس ہنس کر اس دن      کیسا کھیل رہا تھا چاند
چھپ جاتا تھا نکل آتا تھا      کرتا تھا یہ تماشا چاند
اپنے بچے کو بھیجا ہے      گھر میں بیٹھا ہوگا چاند
یہ بھی اک دن بن جائے گا      اچھا گول بڑا سا چاند
اچھا امّاں کل کیوں تم نے      مجھ کو کہا تھا میرا چاند

– افسر میرٹھی




© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات :

- اس نظم کے ذریعے بچّوں کو نون غنہ (ں) سکھانا ہے۔ جماعت میں نظم بار بار سنائی جائے اور پھر بچّوں سے پوچھا جائے کہ ایسے الفاظ بتائیں جن میں نون کی ہلکی آواز آتی ہو۔ بچے اماں اور چاند بتائیں گے۔
- استاد ان الفاظ کو تختۂ سیاہ پر لکھیں اور بچّوں کو بتائیں کہ نون سے ہی نون غنہ بنتا ہے۔ جن الفاظ میں نون غنہ آتا ہے اس میں نون کی ہلکی آواز نکلتی ہے۔ اسی طرح استاد دوسرے الفاظ بھی تختۂ سیاہ پر لکھ کر بچّوں کو نون غنہ سکھائیں۔ جیسے رنگ، گنگا، مانگ، دانت، اونٹ، گیند، ترنگا، آنکھ، یہاں وہاں جہاں اور کہاں وغیرہ۔

© NCERT not to be republished



## مشق

1. ان لفظوں کو لکھوایئے 

آندھی ______ ______ ______ ______ ______

آنچل ______ ______ ______ ______

آنگن ______ ______ ______ ______

چاند ______ ______ ______ ______


کہاں ______ ______ ______ ______

## 2. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے




















© NCERT not to be republished

## 3. میری ٹوپی میں رنگ بھریے



## 4. لفظ پورا کروایئے اور اسے سامنے لکھوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ی | | ٹ | = | ________ |
| ج | | گ | ل | = | ________ |
| گ | | ب | د | = | ________ |
| آ | | چ | ل | = | ________ |
| م | | گ | ل | = | ________ |

© NCERT not to be republished

## 5. نیچے دی گئی تصویروں میں جو پرندے اور جانور ہیں ان کی آوازیں نکلوایئے اور لکھوایئے



..........................



..........................



..........................



..........................



..........................



..........................

© NCERT not to be republished

## 6. ان لفظوں کو پڑھوایئے


انگریزی　امنگ　آنکھ　بنگال　منگل　ترنگا

گنگا　سرنگ　کنگال　پتنگ　میں　ماں

## 7. حصہ 'الف' اور حصہ 'ب' کو نظم کے مطابق ملا کر شعر مکمل کروائیے



| ب | الف |
| --- | --- |
| اماں تم نے دیکھا چاند | اماں اس دن جو نکلا تھا |
| وہ تھا گول بڑا سا چاند | یہ بھی کیا بچہ ہے اماں |
| کب ہوتا ہے ایسا چاند | وہ دیکھو وہ نکلا چاند |
| چھوٹا سا منا سا چاند | اتنا دبلا اتنا پتلا |



چاند تک پہنچنے میں میری مدد کیجیے۔



© NCERT not to be republished



# ہمزہ

آؤ بچو! کھیلیں کھیل
چلتی ہے اب اپنی ریل
موہن تم انجن بن جاؤ
سیٹی دے کر ریل چلاؤ
شیلا گارڈ بنو تم پیچھے
لال ہری جھنڈی دکھلاؤ
چھک چھک کرتی چلتی ریل
دور بہت ہے جاتی ریل
منزل تک پہنچاتی ریل



not to be republished

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس نظم کو جماعت میں کئی بار پڑھنے کے بعد بچّوں سے معلوم کریں کہ نظم کے وہ کون سے الفاظ ہیں جن پر ہمزہ لگا ہوا ہے۔ بچے آؤ، جاؤ، چلاؤ، دکھاؤ کہیں گے۔
- بچّوں کو اور بھی دوسرے الفاظ بتائیں جن پر ہمزہ کا استعمال ہوا ہے۔

# مشق

## 1. ان لفظوں کو لکھوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سناؤ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| آؤ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| تپائی | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| دکھلاؤ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| چلاؤ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |



## 2. نیچے دیے ہوئے لفظوں پر ہمزہ (ء) لگوایئے اور انھیں سامنے لکھوایئے

آو = ..............

جاو = ..............

چلاو = ..............

دکھلاو = ..............

رسولی = ..............

بنالی = ..............



© NCERT not to be republished

## 3. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے





...................... ......................





...................... ......................

## 4. خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے پُر کروائیے

میرا راستہ تلاش کیجیے۔



1. ................ کھیلیں کھیل
2. موہن تم انجن بن ............
3. سیٹی دے کر ریل ............
4. لال ہری جھنڈی ............

© NCERT not to be republished

## 5. مثال کے مطابق نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھوایئے

مثال:

آؤ    آیئے

بناؤ    ..........................

سناؤ    ..........................

جاؤ    ..........................

پاؤ    ..........................

بتاؤ    ..........................

## 6. ٹائی کی تصویر بنا کر اس میں رنگ بھروایئے




© NCERT not to be republished

# جزم

ہمارا مُلْک ہندوستان ہے۔

ہرسال 15 اگست کو ہم آزادی کا جشْن مناتے ہیں۔ یہاں کا موسم کبھی بہت سرْد ہوتا ہے اور کبھی بہت گرْم۔ گرمی کے دنوں میں ہم برْف بھی استعمال کرتے ہیں۔


یہاں طرح طرح کے درْخت پائے جاتے ہیں۔ جنگل کو دشْت اور ہاتھ کو دسْت کہتے ہیں۔ آج سر میں ہلکا ہلکا درْد ہے۔ خرْچ احتیاط سے کرو۔ اچھے دوسْت مشکل سے ملتے ہیں۔ وقْت کا صحیح استعمال کرو۔



## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اساتذہ پہلے طلبا کے سامنے ان جملوں کی بلند خوانی کریں گے جن لفظوں میں جزم استعمال ہوا ہے انھیں تختۂ سیاہ پر نمایاں طور پر لکھیں گے۔
- جس حرف پر جزم استعمال ہوا ہے اس کی وضاحت کریں گے۔
- جزم کی علامت ـــْـــ بتائیں گے۔ اگر بغیر جزم کے لفظ کو پڑھیں گے تو اس کا تلفّظ غلط ہوگا اس بات کی وضاحت کرنی ہے۔
- اساتذہ کو یہ بات معلوم ہونی چاہیے کہ جزم کی علامت اس وقت استعمال کی جاتی ہے جب کسی لفظ میں دو مصمتی آوازیں کسی مصوتی آواز (Vowel) کے ایک ساتھ بولی جاتی ہیں۔ جیسے برْف، سخْت، گرْد، صبْر، زرْد، سرْخ وغیرہ اگر علامت کا استعمال نہ کیا جائے تو ان لفظوں کو برَف، سخَت، گرَد، صبَر، زرَد، سرَخ وغیرہ پڑھے جانے کا امکان ہے۔ جو کہ غلط تلفّظ ہوگا۔

## جھنڈے میں رنگ بھروائیے



# مشق



1. دیے گئے لفظوں میں جس حرف پر جزم کی علامت ہے، اسے سامنے لکھوائیے

مثال: زرْد : ر ________

ابر : ________

تخت : ________

درست : ________

دوست : ________



پرس : ________

درخت : ________



2. نیچے دیے ہوئے لفظوں پر جزم لگوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| درخت | پرس | مرغ | ابر | گرم |
| تخت | زرد | نرس | چرچ | خرچ |




© NCERT not to be republished



## 3. حروف کو ملا کر لفظ لکھوایئے اور صحیح حرف پر جزم کا نشان بنوایئے

1. ج ش ن = ____________
2. د ر د = ____________
3. س ب ز = ____________
4. چ س ت ی = ____________
5. د ر خ ت = ____________
6. د و س ت = ____________
7. س س ت ی = ____________

## 4. تصویر میں رنگ بھروایئے





© NCERT not to be republished